الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

****

## پریس ریلیز

مورخہ 13 مارچ، 2023ء، اسلام آباد

## پنجاب صوبائی اسمبلی کے عام انتخابات 2023 کے حوالے سے آن لائن سکروٹنی سیل کا قیام

تمام ریٹرننگ افسران کی قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ عام انتخابات برائے صوبائی اسمبلی پنجاب 2023 کے لیے تمام صوبائی اسمبلیوں کے اُمیدواروں کے کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال کریں، اسی ضمن میں صوبے بھر میں 297 ریٹرننگ افسران کو اس قانونی عمل میں معاونت فراہم کرنے کے لئے الیکشن کمیشن آف پاکستان سیکریٹریٹ اسلام آباد میں **آن لائن سکروٹنی سیل** قائم کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں اُمیدواروں کے کوائف کے حصول کے لیے ضروری پرفارمہ (proforma) اور S.O.P تمام 297 ریٹرننگ افسران کو مہیا کر دیئے گئے ہیں۔ یہ سیل 3 ٹیموں پر مشتمل ہے اور 24 گھنٹے کام کر رہا ہے، جن کے پاس فیکس، ٹیلی فون اور انٹرنیٹ کی سہولت میسر ہے۔ اس سسٹم کے لیے سپیشل سافٹ ویئر تیار کیا گیا ہے۔ اس سافٹ ویئر کے ذریعے نادرا/ایف بی آر/نیب/سٹیٹ بینک آف پاکستان اور ایف آئی اے کو الیکشن کمیشن سیکریٹریٹ سے ایک محفوظ نظام اور state-of-the-art ٹیکنالوجی کے تحت منسلک کیا گیا ہے۔ یہ **آن لائن سکروٹنی سیل** درج ذیل مراحل پر مشتمل ہے:-

1۔ ریٹرننگ افسر تمام صوبائی حلقوں کے امیدواروں کے کوائف دیئے گئے فارمیٹ کے مطابق الیکشن کمیشن کے **آن لائن سکروٹنی سیل** کو روزانہ کی بنیاد پر بھیجے گا۔

2۔ تمام امیدواروں کے کوائف سکروٹنی سافٹ ویئر میں فیڈ کیے جائیں گے۔

3۔ اس سلسلے میں نادرا/ایف بی آر/نیب/سٹیٹ بینک آف پاکستان اور ایف آئی اے نے اپنے فوکل پرسنز اور ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں جو کہ تمام امیدواروں کے ضروری کوائف اور دیگر ریکارڈ کی جانچ پڑتال کرنے کے بعد یہ معلومات الیکشن کمیشن کو مہیا کریں گے اور یہ معلومات ریٹرننگ آفیسروں کو فوری طور پر مہیا کی جائیں گی۔ تاکہ سکروٹنی کے عمل میں ریٹرننگ آفیسروں کی بروقت معاونت کو یقینی بنایا جاسکے۔